



# گروپوں میں گنتی

## غور کیجیے اور عدد کا اندازہ لگائیے








© NCERT not to be republished


# کم یا زیادہ، آیئے اندازہ لگائیں۔

صحیح جواب کے گرد دائرہ بنایئے

- ✷ آپ کے منہ میں دانتوں کی تعداد
  - 40 سے زیادہ
  - 40 سے کم



- ✷ ایک سنترے میں بیجوں کی تعداد
  - 50 سے زیادہ
  - 50 سے کم




- ✷ ماچس کی ڈبیہ میں تیلیوں کی تعداد
  - 30 سے زیادہ
  - 30 سے کم



- ✷ آپ کی کلاس میں پینسلوں کی تعداد
  - 45 سے زیادہ
  - 45 سے کم



- ✷ سائیکل کے ایک پہیے میں تیلیوں کی تعداد
  - 20 سے زیادہ
  - 20 سے کم



© NCERT not to be republished

* غور کیجیے کہ مختلف چیزوں کے مجموعے کیسے بنائے جاتے ہیں۔ ایک ایک چیز کو گِنے بنا کل تعداد کا اندازہ لگانے کی کوشش کیجیے۔



________ گلاسیں




چوڑیاں ________



بُندوں کے جوڑے ________

یہاں چمچیوں کے تین گروپ ہیں۔



* ہرایک گروپ میں کتنی ہیں؟ ________
* چمچیوں کی کل تعداد کا اندازہ لگایئے ________

بچوں سے کہیے کہ وہ آس پاس پائی جانے والی چیزوں کی تعداد کا اندازہ لگائیں یہ اس لیے کرایا جارہا ہے تاکہ بچے چیزوں کی ترتیب پر دھیان دیں اور چیزوں کو گروپوں میں شمار کرنا سیکھیں۔


© NCERT not to be republished

## شریر بھرّو

بھرّو نے اس کتاب کے کچھ صفحے پھاڑ دیئے۔




صفحوں کے نمبروں کو ترتیب سے لکھیے۔




## اُلجھی دُم

چیکو چوہے کی دُم بہت لمبی ہے۔

جب وہ سو رہا تھا، تو شریر بلّی نے سوچا کہ چلو اس کی دُم کو کھمبوں سے باندھ دوں۔ اُس نے سب سے بڑے نمبر والے کھمبے سے باندھنا شروع کیا اور سب سے چھوٹے نمبر والے کھمبے تک سبھی کھمبوں کو ترتیب سے باندھتی چلی گئی۔


زرا دُم باندھنے میں بلّی کی مدد تو کیجیے لیکن دھیان رہے دُم کہیں پر بھی کراس نہ ہو پائے۔






© NCERT not to be republished

## کودو جب تک گرو نہیں



- آپ اپنے سیدھے پیر پر بغیر گرے کتنی بار کود سکتے ہیں؟_______________

- آپ اپنے اُلٹے پیر پر بغیر گرے کتنی بار کود سکتے ہیں؟_______________

## نقطوں کو ملایئے

جو جو کتا بھوکا ہے۔ 21 سے 52 تک کے نقطوں کو ترتیب سے ملایئے اور زرا دیکھیے اس کے کھانے کے لیے کیا چھپا ہے۔






© NCERT not to be republished


پوتی نے اپنے کتّے کو بلایا۔ بوڑھا آدمی، اُس کی بیوی، پوتی اور اُن کے کتّے نے مل کر زور لگایا مگر گاجر نہیں اُکھاڑ پائے کتّے نے بلّی کو بلایا۔

سب نے مل کر زور لگایا مگر گاجر نہیں اکھاڑ پائے۔

تب بلّی نے چوہے کو آواز دی۔



سب نے مل کر زور لگایا۔ ارے گاجر تو نکل آئی۔ زبوم! وہ سب کے سب گر پڑے۔




اُن سب کو بہت مزا آیا۔ سب مل کر باورچی خانے میں گئے اور انھوں نے گاجر کا حلوا بنایا۔ پھر سب نے مل کر کھایا۔

# بڑی گاجر



ایک بوڑھے آدمی نے گاجر کا ایک بیج بویا۔



گاجر بڑی اور میٹھی بھی تھی۔ گاجر بڑی اور بڑی ہوتی گئی۔

اُس نے گاجر اُکھاڑنے کی کوشش کی پھر وہ نکلی ہی نہیں۔

اُس نے جلدی سے اپنی بیوی کو بلایا۔

بوڑھے آدمی نے گاجر کو پکڑ کر کھینچا اور اُس کی بیوی نے اُس کو پکڑ کر کھینچا۔ مگر وہ دونوں مل کر بھی گاجر نہیں اُکھاڑ پائے۔

بوڑھی عورت نے اپنی پوتی کو بلایا۔ بوڑھا آدمی، بوڑھی عورت اور اُن کی پوتی تینوں نے مل کر زور لگایا۔ مگر وہ گاجر نہیں اُکھاڑ پائے۔



© NCERT not to be republished

## سیما کا سینکڑا

سیما نے مختلف بندیوں کو ملا کر ایک ڈیزائن بنایا۔



- گروپوں کو دیکھیے اور بندیوں کی کل تعداد کا اندازہ لگائیے۔
- 100 بندیاں پوری کرنے کے لیے کچھ اور گروپ بنائیے۔ آپ کو اور کتنی بندیاں بنانی پڑیں گی؟

## تصویر دیکھیے اور لکھیے۔

- کتنے لوگوں نے مل کر گاجر کو کھینچا؟
- سب سے پہلے کس نے کھینچا؟
- لائن میں بلّی __________ نمبر پر تھی۔



- گاجر کو چوتھے نمبر پر کون کھینچ رہا تھا؟
- بلّی کے آنے سے پہلے کتنے لوگ گاجر کو کھینچ رہے تھے؟
- لائن میں تیسرے نمبر والے کی ٹوپی بنائیے۔
- لائن میں چھٹے نمبر والے کی مونچھیں بنائیے۔

© NCERT not to be republished

ٹیچرس خود بخود کچھ ایسے عملی کام کرسکتے ہیں جن کی مدد سے ترتیب والے اعداد سکھائے جاسکیں۔ مثلاً چھے بچوں کو ایک لائن میں کھڑا کر دیجیے اور اُن کو اُن کی ترتیب بتا دیجئے جیسے پہلا، دوسرا، تیسرا وغیرہ اُن سے کچھ دلچسپ کام کروایئے جیسے تیسرا بچہ اپنے ساتھی کے گدگدی کرے، دوسرا بچہ اپنی ناک پکڑے وغیرہ